بابِ تَفْعِيْلٌ (فارم 2)

Form 2

یہ ثلاثی مزید فیہ کا پہلا باب ہے جو قرآن میں بہت استعمال ہوا ہے۔ باب کا نام "تَفْعِيْلٌ " اور اس باب کا مصدر بھی ہے۔

This is the first form of Sulaasi Mazeed Fihi. It is used extensively in the Quran. The name of this form is Tafeelun which is also its Masdar.

باب تَفْعِيْلٌ فعل ماضی فارم2 معلوم

Form II Tafeelun Mazi Maloom (Active Past)

فعل ماضی کا پہلا صیغہ واحد مذکر غائب کا وزن فَعَّلَ ہے۔

فَعَّلَ (فَ عْ عَ لَ)

دَرَّسَ (دَ رْ رَ سَ)

فعل ماضی ثلاثی مجرد کے پہلا صیغہ واحد مذکر غائب فَعَلَ کے عین کلمۃ کو مشدد کرنے سے بابِ تَفْعِيْلٌ بنتا ہے۔ باب تَفْعِيْلٌ میں زائد حرف ایک ہے جو عین کلمۃ ہے، فعل ماضی ثلاثی مجرد میں اس اضافہ کی وجہ سے اسے مزید فیہ کہتے ہیں۔

The first segment of third person masculine singular is on the pattern of فَعَّلَ. It is formed by making the Ain Kalimah of the first segment Mushaddad (doubled).There is one additional letter in Form Tafeel which is the Ain Kalimah. Because of this addition in Fail Mazi Sulaasi Mujarrad, it is called Mazeed Fihi.

باب تَفْعِيْلٌ فارم2 فعل مضارع معلوم

Form II Tafeelun Mudare Maloom (Active Present)

فعل ثلاثی مجرد کے اسباق میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ مضارع کی چار علامات ہیں(ي ، ت ، أ، ن)یہ ہی علامات مزید فیہ میں فعل مضارع پر آتی ہیں۔

Triplet Bachelor Verb فعل ثلاثی مجرَّد: This verb has three letters in its first segment of past tense (Singular Masculine Third person), three root letters. In Fail Sulaasi Mujarrad lessons you have learnt that there are four signs of Mudare (Ya, Ta, Hamza, Noon). These same signs occur on Fail Mudare of Mazeed Fihi.

يُفَعِّلُ (يُ فَ عْ عِ لُ)

يُدَرِّسُ (يُ دَ رْ رِ سُ)

© copy rights reserved

. مگرخاص بات یہ ہے کہ مزید فیه کے پہلے تین ابواب (جن کا ماضی چار حرفی ہے) کے علامت مضارع پر ضمّة آتا ہے۔

But the speciality is that in the first three forms of Mazeed Fihi, which have a four lettered Mazi, the sign of Mudare gets a Dammah.

ثلاثی مجرد میں کوئی فعل خواہ کسی بھی باب سے آئے یعنی اسکے عین کلمہ پر کوئی بھی حرکت ہو مگر جب وہ مزید فیه میں آئے گا تو اسکی عین کلمہ کی حرکت مزید فیہ باب کے مطابق ہوگی۔اور باب تَفْعِیْلُ فارم 2 میں مضارع کے عین کلمہ پر کسرۃ آتا ہے جو مشدد ہوتا ہے۔مضارع کا لام کلمہ مجرد یا مزید فیه سب افعال میں مضموم (ضمّة) ہوتا ہے۔

In Sulaasi Mujarrad the Fail may occur in any pattern, i.e., its Ain Kalimah may have any sign, when it will occur in Mazeed Fihi form, its Ain Kalimah will have a harkah according to the pattern of Mazeed Fihi. In Form II the Ain Kalimah of Mudare has a Kasrah which is doublled.
The Laam Kalimah of Mudare, may it be Mujarrad or Mazeed Fihi, gets a Damma.

باب تَفْعِیْلُ فارم2 فعل امر حاضر

Form II Tafeelun Fail Amr Haazir (Imperative)

امر بنانے کے لیے ثلاثی مجرد کی طرح مزید فیه کے فعل مضارع کے حاضر مذکر، مونث کے چھ صیغوں کی علامت مضارع کو ہٹادیں گے فعل مضارع کی علامت کو ہٹانے کے بعد ثلاثی مجرد میں مضارع کا پہلا حرف ساکن آتا ہے لیکن مزید فیه میں آپکو دیکھنا ہوگا پہلا حرف ساکن ہے یا متحرک۔کیونکہ کچھ ابواب میں پہلا حرف ساکن ہوگا اور کچھ میں متحرک۔اگر متحرک ہے تو ہمزۃالوصل لگانے کی ضرورت نہیں ہے-باب تفعیل فارم2 میں پہلا حرف متحرک ہوتا ہے اسلیے ہمزۃالوصل لگانے کی ضرورت نہیں ہے-

Like Sulaasi Mujarrad, to form Amr Haazir from Mazeed Fihi the sign of Mudare is dropped from the six segments of second person masculine and feminine. In Sulaasi Mujarrad after dropping the sign of Mudare, the first letter occurs to be Sakin. But in Mazeed Fihi the first letter is Sakin in some forms and Mutaharik (has a harkah) in others. If it has a harkah, then there is no need to insert Hamzatul Wasl before it.
In Form II the first letter is Mutaharik, has a harkah. So a Hamzatul Wasl is not needed.

	واحد	تثنية	جمع
مذکر	تُنَزِّلُ نَزِّلْ	تُنَزِّلَانِ نَزِّلَا	تُنَزِّلُونَ نَزِّلُوا
	اتارو You (m) send down	تم دو اتارو you 2 (f) send down	تم دو اتارو You all (m) send down
مؤنث	تُنَزِّلِيْنَ نَزِّلِي	تُنَزِّلَانِ نَزِّلَا	تُنَزِّلْنَ نَزِّلْنَ
	اتارو You (f) send down	تم دو اتارو You 2 (f) send down	تم دو اتارو You all (f) send down

 © copy rights reserved

باب َتفْعِیْلٌ فارم 2 ماض/مضارع مجہول

Form II Tafeelun Mazi/ Mudare Majhool (Passive Past/Present)

باب َتفْعِیْلٌ فارم2ماض مجہول کاوزن " فُعِّلَ " ہے۔ The Mazi Majhool is on the pattern فُعِّلَ.

فُعِّلَ ← نُزِّ لَ (اتاراگیا) Sent down

باب َتفْعِیْلٌ فارم2مضارع مجہول کاوزن" یُفَعَّلُ " ہے-. The Mudare Majhool is on the pattern یُفَعَّلُ

یُفَعَّلُ ← یُنَزَّلُ (اُتاراجاتاہے،جائے گا) is being revealed

باب َتفْعِیْلٌ فارم 2 اسم فاعل، اسم مفعول، اسم مکان و زمان

Form II Tafeelun Ism Faail, Ism Mafool, Ism Makaan, Ism Zamaan

مزید فیہ سے اسم فاعل،اسم مفعول،اسم مکان وزمان بنانے کا طریقہ سب ابواب میں ایک جیسا ہے-

The method of formation of Ism Faail, Ism Mafool, Ism Makaan and Ism Zamaan in all forms of Mazeed Fihi is the same.

باب َتفْعِیْلٌ فارم 2 اسم فاعل: فعل مضارع کی علامت مضارع کوہٹا کرمیم (مُ) مضموم (ضمّة) لگادیں۔اورآخری(لام کلمہ) پر تنوین لگادیں تواسم فاعل بن جاتاہے۔تمام ابواب میں فعل مضارع کے صیغہ سے اسی طرح اسم فاعل بنایاجاتاہے۔

Ism Faail: The sign of Mudare is replaced by Meem with Damma and the Laam Kalimah is given a Tanween.

یُفَعِّلُ فَعِّل مُفَعِّلٌ

یُدَرِّسُ دَرِّس مُدَرِّسٌ (پڑھانے والا)
Teacher

 © copy rights reserved انجم گیلانی

باب تَفْعِيْل فارم2 اسم مفعول، اسم مكان وزمان

Ism Mafool, Ism Makaan and Ism Zamaan

اسی طرح اسم مفعول کے لیے بھی مضارع کی علامت کو ہٹامیم(مُ) مضموم (ضمّة)لگادیں)لگادیں-اور پھر عین کلمہ پر فتحہ لگا دیں تواسم مفعول اسم زمان ومکان بن جائے گا۔ہر باب میں یہ ہی طریقہ ہے- تمام اسم فاعل،اسم مفعول،اسم زمان ومکان کاآخر (لام کلمہ)میں تنوین آئے گی۔

Ism Mafool, Ism Makaan and Ism Zamaan: The sign of Mudare is replaced by Meem with Damma, the Ain Kalimah is given a Fatha and the Laam Kalimah is given a Tanween. All Ism Faail, Ism Mafool, Ism Makaan and Ism Zamaan get a Tanween because they are all Ism.

يُفَعِّلُ	فَعَّلَ	مُفَعَّلٌ	
يُدَرِّسُ	دَرِّسْ	مُدَرَّسٌ	(پڑھنے والا) Student

باب تَفْعِيْل فارم2 مصدر

Baab Tafa'eelun Form II Masdar

فارم کامصدر عام طور پر تمام افعال کے لیے"تَفْعِيْل" کے وزن پر آتا ہے۔

لیکن اس باب میں جو افعال "مهموز اللام"اور"معتل اللام ناقص" کی قسم سے ہوں توان کے مصدر کے وزن کی "یاء" تخفیفًا حذف کرکے اس کے عوض آخر میں" تاء مربوطة " بڑھادی جاتی ہے۔اور سے پہلے حرف کو فتح دیا جاتا ہے۔

The Masdar of this form is on the scale of "Tafa'eelun". But the Masdar of 'Mahmuzul Laam' and 'Mua'talul Laam' verbs in this from have a 'Ta Marmbutah' at the end.

مهموز اللام " اور"معتل اللام ناقص" کا مصدر"تَفْعِلَة "کے وزن پر آتا ہے۔

The Masdar of 'Mahmuzul Laam' and 'Mua'talul Laam' is on the scale of "Tafa'eelatun".

(ر ب و)	رَبَّى	يُرَبِّي	تَرْبِيَةٌ	پرورش کرنا	To educate or bring up a child.
(س م و)	سَمَّى	يُسَمِّي	تَسْمِيَةٌ	نام رکھنا	To name.

﴿وَقُل رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا﴾ (الإسراء:24)

اور کہواے میرے رب جس طرح انہوں نے مجھے بچپن سے پالا ہے اسی طرح تو بھی ان پر رحم فرما۔

and say, "My Lord, have mercy upon them as they brought me up [when I was] small.

© copy rights reserved

باب تَفْعِيْلٌ فارم2 کی خصوصیات

Characteristics of Baab Tafa'eelun Form II

ثلاثی مزید فیہ میں جو معنوی تبدیلیاں ہوتی ہیں،ان کو سامنے رکھتے ہوئے علماء نے ہر باب کے لیے کچھ اصول بنائے ہیں۔ جنہیں خصوصیات ابواب کہتے ہیں۔

Considering the changes in meanings in the derived forms (Sulasi Mazeed Fihi), scholars have formed some rules. They are called Characteristics of the Forms.

1- تَعْدِيَة (Transitivity)

کسی لازم فعل کو متعدی بنانے کا عمل " تَعْدِيَة " کہلاتا ہے۔ فعل مجرد لازم جب فارم 2 باب تَفْعِيْلٌ میں لایا جائے تو وہ متعدی بن جاتا ہے۔ یعنی فارم 2 باب تَفْعِيْلٌ کی ایک خصوصیت " تَعْدِيَة " ہے۔

Ta'diyah (Transitivity): is to change a Laazim Fa'il (intransitive verb) into a Mutaddi Fa'il (transitive verb). When a Mujarrad Laazim is occurred in Form II Baab Tafa'eelun, it becomes transitive (the meaning of carrying out the action to someone/something else). Ta'diyah is a characteristic of Form II Baab Tafa'eelun.

فَرِحَ	وہ خوش ہوا۔ He was/became happy.	فَرَّحَ	اس نے خوش کیا He pleased (whom?).	(کس کو)؟
سَلِمَ	اس نے سلامتی پائی۔ He was safe.	سَلَّمَ	اس نے سلامتی بخشی He saved/protected (whom?).	

اگر ثلاثی مجرد میں فعل پہلے ہی ایک مفعول کے ساتھ متعدی ہو، تو فارم 2 باب تَفْعِيْلٌ میں آنے کے بعد ایک اور مفعول کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ یعنی پھر دو مفعول ہوتے ہیں

When the verb in Sulaasi Muarrad is already Mutaddi (transitive) with one object, then occurring in Form II, it gets two objects.

دَرَسْتُ **اللُّغَةَ** العَرِبِيَةَ (میں نے عربی زبان سیکھی)

I learnt Arabic language.

دَرَّسْتُ **خَالِدًا اللُّغَةَ** العَرِبِيَةَ (میں نے خالد کو عربی زبان سیکھائی)

I taught Khalid Arabic language.

© copy rights reserved

2۔ بتدریج: (Gradualism)

باب تَفْعِيْلٌ فارم 2 کی دوسری خصوصیت تدریج ہے۔ جس میں کسی کام کا درجہ بدرجہ اور تسلسل سے یا محنت سے کرنے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔

Tadreej (Being gradual): is another characteristic of Baab Tafa'eelun. It denotes to do something gradually and continuously or exerting efforts.

عَلَّمَ (فارم 2) ، أَعْلَمَ (فارم 4) دونوں افعال کا معنیٰ کسی کو علم دینا ہے۔ مگر مختلف ابواب کی وجہ سے نیچے دی گئی مثال سے ان کے معنیٰ کے فرق کو سمجھیے۔

A'llama (Form II) and Aa'lama (Form IV) both mean to give knowledge to someone. But see in the following examples the difference between the meanings due to different forms.

ایک شخص نے آپ سے کسی جگہ کا پتہ پوچھا آپ نے اسے بتایا، تو یہ "اعلام" کہلاتا ہے۔

(إِعْلَامٌ جانکاری دینا، علم دینا)

If someone asks you the address of a certain place and you showed it to him, this is 'Ia'laam', giving information, (Form IV).

لیکن کسی کو کسی چیز کا علم جب وقفے اور محنت سے درجہ بدرجہ اور تسلسل سے دیا جائے تو یہ "تعلیم" کہلاتا ہے۔ (تَعْلِيْمٌ جانکاری دینا، علم دینا)

But when someone is given knowledge gradually, exerting efforts with continuity then it is called 'Ta'leem', giving knowledge (Form II).

فارم 2: نَزَّلَ اس نے نازل کیا (وقفے وقفے سے نازل کرنا)

Form II: Nazzala (He sent down gradually.)

فارم 4: أَنْزَلَ اس نے نازل کیا (ایک ہی بار نازل کرنا)

Form IV: Anzala (He sent down in one instance.

قرآن کے نزول کے لئے "نَزَّلَ" کا فعل استعمال ہوا ہے۔ For the revelation of Quran the verb Nazzala is used.

﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ﴾ (الحجر:9)

یقیناً ہم نے ہی الذکر اتارا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔

For revelation of the Quraan the fail Nazzala is used.

© copy rights reserved

لیکن کچھ جگھوں پر قرآن کے لئے "اَنْزَلَ" بھی آیا ہے

In some other places the verb Anzala is also used for the revelation of Quran.

﴿اَنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ﴾ (القدر:1)

ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا۔

Indeed, We sent the Qur'an down during the Night of Decree.

مفسرین کے مطابق اس آیت میں قرآن کے لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر یکبارگی نزول کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ عالم

According to the Mufassireen (commentators), in this ayah the revelation of Quran from Lawh Mahfooz to the sky of this world is referred to. Allah knows the best!

3: تکثیر اور مبالغة: (strengthening meaning)

کسی چیز کی کیفیت یا مقدار کی بلندی یا زیادتی کا اظہار مبالغہ کہلاتا ہے۔ مبالغے میں مصدری معنی کی زیادتی پائی جاتی ہے۔ باب تَفْعِيْل فارم 2 کی ایک خصوصیت تکثیر اور مبالغة ہے۔ اس خصوصیت میں کسی کام کے ہونے میں شدت یا زیاتی پائی جاتی ہے۔

Takseer and Mubaligah (Frequent occurrence and Exaggeration): Mubaligah is to represent the state or amount of something more than normal limits. It is an increase in Masdari meanings. Takseer and Mubaligah is one characteristic of Form II. It denotes doing something intensively.

تکثیر: کا مطلب ہے ایک ہی کام کئی بار یا بڑے پیمانے پر کرنا۔ Takseer means doing something repeatedly or on a large scale.

﴿يُقَتِّلُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ﴾ (الأعراف141)

تمہارے بیٹوں کو مار ڈال دیتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے۔

Killing your sons and keeping your women alive.

مبالغہ: کا مفہوم ہے کسی کام کو شدت اور قوت سے انجام دینا۔ Mubaligah means doing something with intensity and strength.

كَسَرَ اس نے توڑا (ثلاثی مجرد) .... كَسَّرَ اس نے چکنا چور کردیا (فارم 2 باب تَفْعِيْل)

Kasara (He broke.) Kassara (He smashed it to pieces.)

﴿فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّن نَّارٍ﴾ (الحج:19)

پھر جو منکر ہیں ان کے لیے آگ کے کپڑے قطع کیے گئے ہیں۔

But those who disbelieved will have cut out for them garments of fire..

© copy rights reserved

4۔قَصر:(Abbreviation)

کسی بات کو مختصر کرنے کیلیے پورے جملے کی بجائے ایک لفظ استعمال کرنا" قَصر "کہلاتا ہے۔باب تَفعِیْلٌ فلرم 2 کی ایک خصوصیت "قَصر" ہے۔

Qasar (Brevity): Using one word in place of a complete sentence in order to say something in brief is called Qasar which is a characteristic of Baab Tafa'eelun.

هَلَّلَ: اس نے لاإله إِلّاالله کہا۔(تَهْلِيْلٌ کی)

He said La Ilaaha Ilallah. (He did Tahleel.)

كَبَّرَ: اس نےالله اکبر کہا۔(تكْبِيْرٌ پڑھی)

He said Allahu Akbar. (He said Takbeer.)

سَبَّحَ: اس نے سبحان الله کہا(تسْبِيْحٌ کی)

He said Subhanallah. (He did Tasbeeh.)

نوٹ: Note

- مزید فیہ میں معتل افعال کی تعلیلات کے قواعد ثلاثی مجرد کی طرح ہی ہیں۔

- In Mazeed Fihi the rules for remedial process in Mua'ttal Afa'al(weak verbs) are the same as those of Sulaasi Mujarrad.

- جس طرح ہر فعل ثلاثی مجرد کے سارے ١٦ ابواب سے نہیں آتا،اسی طرح ہر ثلاثی مجرد فعل مزید فیہ کے ہر باب سے استعمال نہیں ہوتا۔اگر کسی فعل کا باب معلوم نہ ہو تو ڈکشنری کو دیکھنا ہو گا۔

- As every verb does not occur in all the Abwaab of Sulaasi Mujarrad, likewise it does not occur in every form of Mazeed Fihi. We have to refer to a dictionary to find out the form of a verb.

- اور ایک ہی خصوصیت ایک سے زیادہ ابواب میں پائی جاسکتی ہے۔اور ایک ہی فعل میں ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ خصوصیات ہو سکتی ہیں۔

- One characteristic can be found in more than one form. And one verb can have more than one characteristic at a time.

- یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسی فعل میں کوئی خصوصیت نہ پائی جائے۔یہ سیاق سباق سے پتا چلتا ہے،کہ کسی فعل میں کون سی خصوصیت ہے۔

- It is also possible that a verb does not have any characteristic. We can learn about the characteristic of a verb through its context.

- باب تَفعِیْلٌ فارم 2 ہمیشہ متعدی نہیں ہوتا کبھی لازم بھی ہو سکتا ہے، مگر بہت قلیل ہے۔

- Baab Tafa'eelun Form II is sometimes not transitive but this is very rare.

© copy rights reserved
انجم گیلانی